سوال

اذان کے بعد کی دعا میں ''انک لا تخلف المیعاد'' کا اضافہ کرنا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اذان کے بعد کی دعا میں : (إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ) کے الفاظ کا اضافہ صحیح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس اضافے کے بارے میں علماء حدیث میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا کہ شاذ ہونے کی وجہ سے یہ الفاظ ثابت نہیں ہیں کیونکہ اس حدیث کے اکثر راویوں نے یہ کلمات روایت نہیں کیے ہیں جب کہ اس مقام کا تقاضا یہ تھا کہ ان کلمات کو حذف نہ کیا جاتا کیونکہ یہ مقام دعا اور ثنا کا ہے، لہٰذا اس طرح کے الفاظ بھی کہنے چاہئیں اور یہ دیگر روایات کے منافی نہیں ہیں۔ جن علماء نے ان کلمات کو صحیح قرار دیا ہے، ان میں شیخ عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ بھی ہیں۔ آپ نے فرمایا ہے کہ اس کی سند صحیح ہے کیونکہ امام بیہقی نے اسے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ (فتاویٰ اللجنة: ٦/٨٨)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل : صفحہ 250